
Package-A
Pilot Edition

Learn Teacher's Guide
# ENGLISH
The Non-formal Way




BUESP

بیورو برائے یونیورسٹی توسیعی خصوصی پروگرام/ پراجیکٹس
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

Package-A
**Pilot Edition**

## Teacher's Guide

# Learn ENGLISH The Non-formal Way

BUESP

منسٹری آف فیڈرل ایجوکیشن اینڈ پروفیشنل ٹریننگ
بیورو برائے یونیورسٹی توسیعی خصوصی پروگرام/ پراجیکٹس
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)


| | |
|---|---|
| ایڈیشن اوّل | 2019ء |
| تعداد اشاعت | 1000 |
| نگران طباعت | پرنٹنگ پریس |
| طابع | سٹی ایڈورٹائزنگ |
| ناشر | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد |
| لے آؤٹ ڈیزائننگ | افراہ خالد، اکمل شہزاد |

## Course team

| | |
|---|---|
| **Director** | Dr. Tanzila Nabeel |
| **Programme Development Coordinator** | Muhammad Younus |
| **Course Coordinator** | Abida Rizwan, Bilal Aziz |
| **Unit Writer** | Nasara Habib |
| **Reviewer** | Dr. Zafar Iqbal |
| | Fazal Kareem |
| | Rooh-ul-Ameen |
| | Asifa Dilshad |
| **Facilitator** | Nadeem Qadri |
| **Layout Design** | Iffra Khalid, Akmal Shahzad |

# Table of Contents


| Units | Page no. |
| --- | --- |
| Preface | iii |
| Course Introduction | iv |
| Course Objectives | iv |
| 1. Look at the Picture and Say the Sounds | 7 |
| 2. Letters of Alphabets | 18 |
| 3. Vowels, Consonants and diagraphs | 24 |
| 4. English Words Used in Daily Conversation | 31 |
| 5. Action Words | 37 |
| 6. How Do We Ask Questions? | 48 |
| 7. Model Lesson | 63 |

# Preface

The mission of Iqbal Open University Leadership is to provide flexible and affordable educational opportunities to all the students in general and female students in particular. These opportunities are for those who had left their education at a very early stage or never had any such chance to complete their education. The Bureau for University Extension & Special Programmes / Projects (BUESP) is almost as old as University itself to fulfill the mission of AIOU in
letter and spirit.

In February 1975, the AIOU started its work at the grass root level, to overcome the hurdles being faced by these students. Various nature of courses are being offered for vulnerable groups by AIOU, through its Integrated Functional Education (IFE) Project.

AIOU is perhaps the only institute which is catering for Basic literacy, school, college, university education and even provides life-long learning opportunities to the nation. The vision of the BUSEP is to upgrade the life style and to improve the socio-economics status of the people by providing them cost effective, flexible high skilled educational opportunities at their doorsteps.

The package "A" under study is developed for covering Prep and Grade-I.It is developed with the help of JICA to serve and support for the targeted goal. The package is based on The National Curriculum developed in 2016, Federal Curriculum developed in 2017-2018, Accelerated Learning Programme (APL) developed for Sindh and Balochistan and curriculum for Basic level developed by AIOU in 2014-2015. All four basic skills i.e. listening, speaking, reading and writing have been equal space and touch in the book. It will create interest among the learners to learn English through activities based lessons. Efforts have been made to use simple language so that learners understand easily. I hope the targeted learners will enjoy this book and it will bring a tangible from of improvement in their language skills.

**Dr. Tanzila Nabeel**
**Directorate BUSEP**

# COURSE INTRODUCTION

This book of Package A has been written in simple English. Different activities have been included to make the lesson easier and motivating.

This package has six units, their names are:
1) Look at the pictures and say the sounds
2) Letters of Alphabet
3) Vowels and consonants
4) Words used in daily conversation
5) Action Words
6) Asking Questions

# COURSE OBJECTIVES

After reading this book learners will be able to:

- produce sounds of words with related pictures.
- know letters of English Alphabets.
- arrange the letters to make word.
- solve different activities.
- speak new words of English.
- count from one to ten in words.
- use 'these' and 'those' in different sentences.
- have concept of 'this' and ' that'.
- tell about 'likes' and 'dislikes'.
- express about their family.

# ٹیچر گائیڈ

## انگریزی زبان کو آوازوں کے ذریعے بولنا، لکھنا اور پڑھنا سکھانا۔

اس کتاب میں پڑھنے کا عمل آوازوں سے شروع کیا گیا ہے تاکہ مختصر وقت میں طلبہ آوازوں سے حروف اور پھر لفظوں کی پہچان کر کے پڑھنا اور لکھنا شروع کر سکیں۔لہٰذا انگریزی زبان کو سکھانے کے لئے بھی اسی طریقہ کار کو ترجیح دی جائے گی۔ آوازوں کے ذریعے سکھانے کا یہ عمل نہایت مفید اور دیرپا ہے۔پڑھنا اور لکھنا سیکھنے کے عمل کو آسان اور موثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ بچوں کو سمجھایا جائے کہ ہر لفظ جو ہم بولتے اور لکھتے ہیں کچھ آوازوں کو ایک خاص ترتیب سے جوڑنے سے بنتا ہے۔ کسی لفظ میں آوازوں کی پہچان سے بچہ آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ اس لفظ کی انفرادی آوازیں کیا ہیں۔دوسرے الفاظ میں ایک لفظ کن کن آوازوں سے مل کر بنا ہے۔ مثلاً bat /b/ /a/ /t/ حروف سے مل کر بنا ہے۔

ٹیچر سبق پڑھانے سے پہلے تمام معاون تدریسی مواد (ٹیچر گائیڈ، فلیش کارڈز، بورڈ، مارکرز یا چاک وغیرہ) کو ترتیب دیں اور خود کو پڑھانے کے لئے تیار کریں۔ انگریزی زبان کو پڑھاتے وقت ٹیچر نیچے بتائے گئے طریقہ کار کا خاص خیال رکھیں۔

### 1. آوازوں کی پہچان:

آوازوں کی پہچان طلبہ کی کتاب میں دی گئی تصاویر سے کریں اور پوچھیں کہ یہ کس چیز کی تصویر ہے؟ جب طلبہ کا جواب اُردو یا مادری زبان میں آجائے تو طلبہ سے پوچھیں کہ آپ میں سے کسی کو پتا ہے کہ اس تصویر میں بنی ہوئی شے کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟ ہو سکتا ہے طلبہ میں سے کوئی دی گئی تصویر کو انگریزی میں بولنا جانتا ہو بصورت دیگر ٹیچر خود سے طلبہ کو بتائیں کہ تصویر میں بنی ہوئی اس چیز کو انگریزی میں ایسے بولتے ہیں۔ تمام طلبہ کو باری باری کہیں کہ وہ اس لفظ کو انگریزی میں باری باری اور آہستہ آہستہ بول کر بتائیں۔

طلبہ کو سمجھائیں کہ کوئی لفظ بولتے ہوئے اُسے غور سے سُنیں وہ اپنے منہ سے کیا آواز نکال رہے ہیں اور اس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ کوئی لفظ بولتے ہوئے اس کے منہ سے کون سی آواز پہلے نکلتی ہے اور باقی آوازیں کس ترتیب سے نکلتی ہیں۔ جب تمام طلبہ درست طریقے سے لفظ کی آوازیں بولنا شروع کریں تو ٹیچر بولے جانے والے لفظ کو لکھنا سکھائے۔

ٹیچر اس بات کو ذہن نشین کرلیں کہ جو آواز طلبہ کو سکھادی گئی ہو اُس آواز کا استعمال جس کسی بھی لفظ میں ہو گا وہ طلبہ سے ہی پوچھا جائے گا۔ مثلاً طلبہ نے لفظ bag کی آوازیں سیکھ لی ہیں مگر جب وہ لفظ ball سیکھیں گے تو ٹیچر پہلے سے سکھائی جانے والی آوازیں b اور a کو طلبہ سے کروائیں۔

**پڑھانے کے اقدامات**

ٹیچر پڑھاتے وقت نیچے بتائے گئے اقدامات کا خیال رکھیں۔

- پڑھائے جانے والے سبق سے پہلے سابقہ واقفیت لیں۔ یہاں ٹیچر دی گئی تصویر کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوال کریں۔ تاکہ طلبہ جان سکیں کہ آج وہ کس چیز کے بارے میں پڑھنے جارہے ہیں۔
- تصویر دکھا کر طلبہ سے پوچھیں کہ یہ کس چیز کی تصویر ہے؟
- باری باری تمام طلبہ سے تصویر کا نام پوچھیں اور کہیں کہ منہ سے نکلنے والی آوزاوں کو غور سے سنیں۔
- سکھائے جانے والے لفظ کی سرگرمی کرنا۔
- طلبہ خود سے بھی دی گئی تصویر کا نام بتائیں۔
- ٹیچر طلبہ سے پوچھیں کہ بولے جانے والے لفظ کی کتنی آوازیں ہیں۔
- ٹیچر طلبہ سے پوچھیں کہ بولے جانے والے لفظ کی کون کون سی آوازیں ہیں؟
- طلبہ کی تصحیح کرنے کے بعد ٹیچر خود سے درست ادائیگی کے ساتھ لفظ کو بولنا سیکھائیں۔

- پہلے سے سیکھے جانے والی آوازیں طلبا خود سے بتائیں۔
- یہاں فلیش کارڈز دکھا کر بھی ٹیچر طلبا سے پوچھیں کہ پڑھ کر بتائیں کہ یہ کیا لفظ ہے ؟

**پڑھانے کی ہدایات:**

طلبہ کو پڑھاتے وقت ٹیچر ان باتوں کا خاص خیال رکھے۔

- ٹیچر طلبہ سے معلومات اخذ کرنے والے انداز کو اپنائیں۔
- ٹیچر خود سے معلومات نہ دیں اور انتظار کریں کہ طلبہ خود سے دکھائی گئی تصویر، حرف یا لفظ کو خود سے بتائیں۔
- پڑھاتے وقت پہلے سے سیکھی جانے والی آوازوں کو طلبہ سے کروائیں۔
- تمام طلبہ کو خود سے سوچ کر پڑھنے کا عمل یقینی بنائیں۔
- ہر نئے لفظ کو سکھانے سے پہلے طلبہ سے اخذ کریں کہ اس میں موجود کون کون سی آوازیں ہم پہلے سے پڑھ چکے ہیں۔

## 2. آوازوں سے لفظوں کو لکھنے کا عمل:

ٹیچر طلبہ کو بورڈ کی جانب متوجہ کر کے سکھائے جانے والے لفظ کی آوازوں کو لکھنا سکھائیں۔ ٹیچر پوچھیں کہ بولے جانے والی آوازوں میں سب سے پہلے آواز کونسی تھی؟ مثال کے طور پر لفظ **bat** کی آوازوں کے بارے میں ٹیچر سکھائے گی۔


ٹیچر پہلے آواز **B** کو طلبہ سے زبانی پوچھیں اور کہیں ہم سب سے پہلے بولی جانے والی آواز کو لکھنا سیکھیں گے۔ ٹیچر انگلش میں لکھنے کے لئے بورڈ پر چار لائینوں کا استعمال کریں۔ یاد رہے پہلے تمام طلبہ بورڈ پر باری باری لکھیں تاکہ بعد میں طلبہ بھی اپنی اپنی کتاب پر واضح طور پر لکھ سکیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھتے وقت ان ہدایات کا خیال رکھیں:۔

- ایک وقت میں بورڈ پر ایک ہی لفظ لکھیں۔
- باری باری ایک آواز کو بورڈ پر لکھنا اور ساتھ میں اس کی آواز کو بتانا۔
- پڑھائے جانے والے لفظ کی اشکال کے بارے میں تفصیل سے بتانا۔

- آواز کو تحریر کرتے وقت درست ہدایات دیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے لکھے جانے والے لفظ یا حرف کی پہچان کروانا۔
- طلبہ کو بورڈ پر لکھنے کے لئے بُلانا اور اُن کی آواز درست طریقے سے لکھنے میں رہنمائی کرنا۔
- کمزور طلبہ کو ہاتھ سے پکڑ کر لکھنے میں مدد دیں۔
- کوشش کریں کہ تمام طلبہ کو بورڈ پر لکھنے کا موقع ملے۔
- حرف کو خوشخط اور درست طریقے سے لکھنے کے لئے ضروری ہے کہ طلبہ کو چار لائنوں پر لکھوائیں۔
- آوازوں کو لکھتے وقت فلیش کارڈ کا استعمال کریں تا کہ طلبہ کو لکھنے میں آسانی ہو۔
- ٹیچر طلبہ کو فلیش کارڈز کے ذریعے دہرائی اور حروفوں کی پہچان کروائیں۔ ایک وقت میں ایک آواز کا فلیش کارڈز اُٹھا کر طلبہ سے پوچھیں کہ یہ کون سی آواز ہے پھر اسی ترتیب سے دیگر آوازں کو جوڑ کر بورڈ پر لفظ بنانے کی مشق کروائیں۔ اس عمل سے طلبا کو پڑھنا اور لکھنا آسان ہو جائے گا۔ طلبہ باری باری حروفوں کو جوڑ تا دیکھ کر لفظ بنانے کی مشق سے لفظوں کی بناوٹ بھی سیکھ جائیں گے
- نئے الفاظ بنانے کے لئے طلبہ کو گروپس میں بٹھا کر کہیں کہ وہ نئے مختلف آوازوں کو آگے پیچھے کر کے نئے الفاظ بنائیں۔ یہاں ٹیچر طلبہ کی رہنمائی کریں۔

طلبہ کو بتائیں کہ یہ آواز <u>(ب) B</u> کی تحریری شکل ہے اور اسکی آواز کو <u>B</u> یا <u>b</u> سے لکھا جاتا ہے یہاں ٹیچر طلبہ کو وضاحت دے کہ جب <u>B</u> کی آواز کو دو طرح سے لکھا جاتا ہے۔ جیسے <u>B</u> اور b لہٰذا اب ہم دونوں طریقے سے لکھنے پڑھنے کی مشق کاپیوں پر کروائیں۔ ٹیچر طلبہ سے پوچھیں یہ آواز کونسی ہے ؟ جب تمام طلبہ درست جواب دے دیں تو اگلی آواز کو لکھیں اسی ترتیب سے لفظ میں موجود تمام لفظ کی مکمل آوازوں کو بورڈ پر لکھنے کے بعد طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب پر اس لفظ کو نقطوں سے ملا کر تحریر کرنا سیکھیں۔ یہاں ٹیچر الفاظ پر دیئے گئے تحریری تیر کے نشان کی مدد سے طلبہ کو لکھنا سکھائیں۔ کہ کون سا حرف کہاں سے شروع ہوتا ہے اور کہاں پر ختم ہوتا ہے۔ کہاں پر لائن سیدھی ہے اور کہاں پر گولائی آتی ہے۔ لکھنے کی مشق کے لیے الفاظ ساتھ ساتھ دیے گئے ہیں۔ ان کی کاپیوں پر مزید مشق کروائیں۔

مثال کے طور پر حرف C اور c کا لکھنے کا بتایا گیا ہے۔




یہاں 1,2,3 میں دیئے گئے تیروں کے نشان اور انکی سمتوں directions کے مطابق لکھنا ضروری ہے۔ اسی طرح طلبہ کو لفظ کی بناوٹ کے مطابق تصور دینا بھی ضروری ہے جیسا کہ c کے لئے طلبہ سے کہیں کہ اپنے دائیں کان کو انگلی سے چھو کر بناوٹ کا اندازہ لگائیں بالکل اسی طرح c کی آواز کو لکھا جائے گا۔ ٹیچر مختلف اشکال سے حروف کی بناوٹ اور لکھنے کے تصور کو واضح کریں تاکہ طلبہ کو لکھنے میں آسانی ہو۔

### 3. نئے الفاظ بنانا:

لکھنے کے عمل کے بعد طلبہ سے کہیں کہ سیکھی جانے والی آوازوں کو آگے پیچھے کر کے نئے الفاظ بنائیں۔ مثال کے طور پر،

/p/ /o/ /t/ کی آوازیں مل کر لفظ top بناتی ہیں۔ وہ آوازوں کی ترتیب بدل کر نئے الفاظ بھی بنا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر لفظ top کی آوازوں کی ترتیب بدل کر /t/o/p/ کر دی جائے تو لفظ pot بن جاتا ہے۔ اسی طرح ایک دوسری مثال سے سمجھتے ہیں اگر ٹیچر ان چند الفاظ (mat, hat,bat,car,) کو سیکھ چکے ہوں تو نئے الفاظ بنانے کی مشق ضرور کروائیں۔ سکھائے جانے والے حروف کو آگے پیچھے کر کے نئے الفاظ بنوائیں tab, rat, cab, at, act (جیسے cat)، وغیرہ۔ اس طرح طلبہ کو نئے الفاظ سیکھتے وقت لُطف اندوز ہونگے۔ یہ مشق بورڈ، کارڈز، اِملا اور کاپی پر دہرائی کے طور پر بھی کروائی جا سکتی ہے۔ تمام طلبہ سے کہیں نئے الفاظ کو کاپی پر لکھیں۔ ہو سکے تو روزمرہ تدریس میں نئے الفاظ کا استعمال بھی کرنا سکھائیں۔

### 4. جائزہ لینا:

طلبہ کو سکھائے جانے والے سبق کا جائزہ لینا نہایت ضروری ہے۔ تاکہ ٹیچر طلبہ کے سیکھنے اور اپنے سکھانے کے عمل کا جائزہ لے سکیں۔ جائزے کے لئے ٹیچر بہت سی سرگرمیاں کرواسکتے ہیں مثلاً

I. فلیش کارڈز
II. بورڈ پر لکھوا کر دیکھنا
III. طلبہ کی کتاب یا کاپیوں پر لکھوانا
IV. جوڑوں یا گروپس میں کام دے کر چیک کرنا
V. زبانی سوال اور جواب کر کے سُننا

اس طرح بہت سی سرگرمیاں آگے ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہیں جن کو جائزے اور سبق پڑھانے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ٹیچر جائزے کی سرگرمی کو استعمال میں لاتے ہوئے اپنے پڑھانے کے عمل کو بھی بہتر کر سکتے ہیں اور کمزور طلبہ پر خاص توجہ دے تاکہ وہ باقی طلبہ کی طرح سیکھنے کے عمل میں آگے بڑھ سکیں گے۔

UNIT 1

# LOOK AT THE PICTURES AND SAY THE SOUNDS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen

# CONTENTS

INTRODUCTION

OBJECTIVES

1.1 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 1

Activity- 2

Activity- 3

1.2 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 4

Activity-5

1.3 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 6

1.4 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 7

1.5 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity-8

1.6 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity-9

1.7 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 10

1.8 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 11

1.9 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 12

1.10 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 13

1.11 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

1.12 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 14

1.13 LOOK AT THE PICTURE AND SAY THE SOUNDS

Activity- 15

1.13 GLOSSARY

# INTRODUCTION

In this unit learners will be introduced about different words through pictures. They will say the sounds with the related pictures . There are also words for writing practice. In this unit learner will see the picture and say the sounds, colors, trace and join the dots.

# OBJECTIVES

**After completing this unit learners will be able to :-**

-trace the patterns


- colour the pictures

- say the names of the pictures with sounds.

- know how to pronounce short and long sounds of the letters

**UNIT- 1**

## Look at the Pictures and Say the Sounds


UNIT 1

LOOK AT THE PICTURES
AND SAY THE SOUNDS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen
Abida Rizwan

1

bat, cat, hat, mat, rat, hen, men, pen, ten, red, fish, big, zip, six, pin, frog, dog, ox, box, hot, tub, sun, cup, jug, bus, cake, gate, snake, slate, cage, these, geese, sleeve, scene, trees, five, hide, kite, hive, bike, rose, nose, hose, rope, bone, cube, tube, mute, mule, dune، rain, train, tray, clay ،meat, beak, table, cable, heater, sweater ،boat, goat, crow, window ، flute, tube

# Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

E1Ab101: Hold, open, and turn pages of a book correctly.

E2Ab101: Hold a pencil correctly.

E1Ab102: Understand that text in English runs from left to right, top to bottom.

E2Ab102: Trace and draw vertical, horizontal, slanted, curved lines forwards and backwards.

E2Ab103: Trace and draw circles, loops, curves and strokes.

E2Ab104: Color within lines and draw simple pattern.

E2Ab105: Trace and copy capital and small letters of regular shape and size using four line techniques.

E1Ab106: Identify and differentiate between consonant and vowel sounds of individual letters in a word.

E1Ab110: Read aloud words with reasonable level of accuracy in pronunciation.

E1Ab114: Guess texts by looking at titles and pictures.

E3Ab103: Know and recognize nouns.

E1Ab106: Identify and differentiate between the consonant and vowel sounds of individual letters in a word.

E1Ab108: Identify and recognize words with common spelling pattern.

E3Ab107: Recognize and use naming words with correct spellings from immediate surroundings from the subject texts.

E3Ab106: Identify and differentiate countable nouns from uncountable.

E2Ab106: Copy and write simple one syllable words with correct spellings.

E3Ab109: Identify words that begin with the same sound.

E3Ab110: Identify words that end with the same sound.

E2Ab114: Write an appropriate name of object in a picture.

**طلبہ کی درسی کتاب** (صفحہ نمبر 54-1)

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک / مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ اور تصاویر کے فلیش کارڈز

## پڑھانے کا طریقہ:

- طلبہ کو کتاب کھولنے کے آداب ضرور سکھائیں مثلاً کتاب کے صفحے کیسے پلٹنے چاہئیں، کتاب کو استعمال کے بعد سنبھال کر کیسے رکھنا ہے۔ ٹیچر طلبہ کے سامنے چند صفحے کھول کر دکھائے تاکہ طلبہ ٹیچر کے طریقے سے کتاب کو استعمال کر سکیں۔
- ٹیچر پنسل کو پکڑنا بتائیں کہ پنسل کو پکڑنے کا درست طریقہ کیا ہے اور درست پکڑنے سے لکھائی کیسے بہتر ہو سکتی ہے۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (5-3) پر دی گئی مشق کروائیں۔ دی گئی اشکال میں نقطے ملا کر اشکال کو مکمل کریں اور اس میں رنگ بھریں۔
- ٹیچر مختلف اشکال کو بورڈ پر بنائیں اور طلبہ سے اسکی مشق کرائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو چار لائینوں پر لکھنے کے تصور سے متعارف کروائیں اور بتائیں کہ کس طرح انگریزی کے حروف کو ان چار لائینوں پر لکھیں گے۔ ٹیچر طلبہ کو انگریزی کے حروف لکھنے کے بارے میں بتائیں کہ دو طرح سے لکھے جاتے ہیں بڑے اور چھوٹے انداز سے جیسا کہ انکی کتاب میں بتایا گیا ہے۔ ٹیچر طلبا کو سکھائیں کہ حروف کو کس طرح کتاب میں دیئے گئے تیروں کی مدد سے لکھنا ہے۔
- فلیش کارڈز کا استعمال طلبہ کو الفاظ کی آوازوں اور انکی پہچان کروانے کی ایک نہایت اہم سرگرمی ہے۔ فلیش کارڈز کا استعمال تمام طلبہ کے ساتھ ایک بڑے گروپ کی صورت میں بھی کیا جاسکتا ہے اور طلبہ کے چھوٹے چھوٹے گروپس بنا کر بھی کیا جاسکتا ہے۔ ٹیچر طلبہ سے مختلف تصاویر کے فلیش کارڈز دکھا کر پوچھیں کہ یہ کیا ہے پھر اس کی تصویر دکھا کر پوچھیں کہ یہ کس چیز کی تصویر ہے۔ ٹیچر بتائیں کہ اس کو انگریزی میں ایسے بولا جاتا ہے۔ یہاں ٹیچر ایک لفظ کی آواز کو باری باری پڑھیں اور ہو سکے تو

ان آوازوں کے الگ الگ فلیش کارڈز دکھائیں۔ تاکہ آوازوں کے ساتھ ساتھ طلبہ انکی بناوٹ اور تحریری شکل کی بھی پہچان کر سکیں۔ ٹیچر طلبہ کو گروپس میں یہ کارڈز دیں اور کہیں کہ آج سیکھے گئے لفظوں کے حروف کو آگے پیچھے کر کے نئے الفاظ بنائیں۔ یہاں ٹیچر طلبہ کی رہنمائی کریں اور بتائیں کہ بامعنی اور بے معنی الفاظ کون کون سے ہیں۔ ٹیچر فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھائے جانے والے سبق کا جائزہ بھی لے سکتے ہیں۔

- ان الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ کار کتاب کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔
- ٹیچر نیچے بتائے گئے طریقہ کار کو بروئے کار لاتے ہوئے طلبہ کی رہنمائی کریں

**1: کتاب پکڑنے کا درست طریقہ کار**



**2: پنسل پکڑنے کا درست طریقہ کار**




1. درمیان والی انگلی (سائیڈ پر)
2. انگوٹھا (پنسل کے اوپر)

**معلومات برائے ٹیچر:**

انگریزی زبان میں کل پانچ واولز (a,e,i,o,u) ہیں جن کو اُردو میں حروفِ علّت یا مصوتیں کہتے ہیں۔ واولز لفظوں کو بنانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ انگریزی زبان میں واولز کی آوازیں لفظوں کی آوازوں کو واضح کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ اس سبق میں طلبا کو آوازوں کے ذریعے long اور short vowel sound کی پہچان کروائی جارہی ہے جو کہ طلبا کو انگریزی زبان کو پڑھنے اور سمجھنے میں مددگار ثابت ہونگے۔

- Long vowel sound کی پہچان کچھ یوں کی جاتی ہے کہ جب واولز لفظوں میں اپنی مکمل آوازادیں ایسے واولز Long vowel sound کہلاتے ہیں۔ مثلاً Igloo, cube,date, Nose, geese وغیرہ
- Short vowel sound ایسے واولز کی آوازیں جو لفظوں میں اپنی آواز واضح طور پر ادا نہ کریں مثلاً cat, men, big, hot, bus, six, وغیرہ۔

اس سبق میں طلبا کو short vowel sound کے بارے میں سکھایا جائے گا۔

- طلبہ کو دوبارہ سے کتاب کھولنے کے آداب ضرور بتائیں مثلاً کتاب کے صفحے کیسے پلٹنے چاہئیں، کتاب کو استعمال کے بعد سنبھال کر کیسے رکھنا ہے۔ ٹیچر طلبہ کے سامنے چند صفحے کھول کر دکھائے تاکہ طلبہ ٹیچر کے طریقے سے کتاب کو استعمال کر سکیں۔ پہلے کی طرح ٹیچر پنسل کو پکڑنا بتائیں کہ پنسل کو پکڑنے کا درست طریقہ کیا ہے اور درست پکڑنے سے لکھائی کیسے بہتر ہو سکتی ہے۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر ( 9-7 ) پر دی گئی مشق کروائیں۔ دی گئی اشکال میں نقطے ملا کر اشکال کو مکمل کریں اور اس میں رنگ بھریں۔ صفحہ 10-37 تک ایسے الفاظ ہیں جن کے ذریعے Long Vowel Sounds کی پہچان کروائی جائے گی۔ کیا Cat اور Cake کی درمیان کی آوازوں میں کوئی فرق ہے؟ درست طریقے سے سمجھانے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کا اپنا تلفظ بھی درست ہو۔
- ٹیچر مختلف اشکال کو بورڈ پر بنائیں اور طلبہ سے اسکی مشق کرائیں۔
- ان الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔
- ٹیچر الفاظ میں موجود ہم آواز الفاظ کی مشق پچھلے سبق میں بھی کروا چکے ہیں۔ سبق میں الفاظ میں موجود آوازوں کی پہچان پر غور کروائیں۔ بار بار پڑھنے سے لفظوں کی آوازوں کی پہچان اور انکے مطلب کے فرق کو سمجھائیں۔
- انگریزی زبان میں طلبہ کو زیادہ سے زیادہ بولنے کی مشق کروائیں اور املا بھی کروائی جائے تاکہ طلبہ لفظوں میں موجود حروف، انکی آوازیں، سپیلنگ اور انکی درست ترتیب کو یاد رکھ سکیں۔
- اس سبق میں one syllable word کو لکھ اور پڑھ سکیں۔ ٹیچر طلبہ کو سادہ الفاظ میں بتائیں کہ ایسے الفاظ جن کی آوازوں کے ساتھ ساتھ سپیلنگ تقریباً ایک جیسے ہوتے ہیں۔ آج ہم ایسے الفاظ کے بارے میں سیکھیں گے۔ مثال کے طور پر rain اور train الفاظ میں (r,t) letter کا فرق ہے جب کہ باقی تمام letters اور ان کی آوازیں ایک جیسی ہیں۔
- ٹیچر طلبہ کو تصاویر دکھا کر بتائیں اور ارد گرد ماحول میں موجود اشیا کے نام انگریزی میں سکھائیں اور طلبہ کو بتائیں کہ ہر چیز کا ایک نام ہوتا ہے جو کہ اسکی پہچان ہوتی ہے مثلاً کرسی، گھڑی، ٹرین، علی، بستہ وغیرہ۔
- ٹیچر طلبہ کو سپیلنگ یاد کرنے کی مشق اِملا کے ساتھ ساتھ لفظ کے letters کی ترتیب کو آگے پیچھے کر کے ذہن نشین کرواسکتے ہیں۔ اسی طرح مختلف letters دے کر خود سے الفاظ بنانے کی مشق بھی کروائیں۔

- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر(10-37) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔

## Vowel Sounds

### پڑھانے کا طریقہ:

- ٹیچر الفاظ میں موجود ہم آواز الفاظ کی مشق پچھلے سبق میں بھی کروا چکے ہیں۔ بار بار پڑھنے سے الفاظ میں موجود حروف کی آوازوں اور انکے مطلب کے فرق کو سمجھائیں۔
- انگریزی میں طلبہ کو زیادہ سے زیادہ بولنے کی مشق کروائیں اور املا بھی کروائیں تاکہ طلبہ لفظوں میں موجود حروف، انکی آوازیں، سپیلنگ اور انکی درست ترتیب کو یاد رکھ سکیں۔
- ٹیچر طلبہ کو تصاویر دکھا کر کمرہ جماعت اور گھر میں استعمال ہونے والی چیزوں کے نام انگریزی میں سکھائیں۔
- ٹیچر اس سبق میں طلبہ کو ایسے الفاظ کے بارے میں سکھائیں گے جن الفاظ کی آوازیں شروع میں اور بعض الفاظ میں آخر میں ملتی ہیں۔ اُو کی آوازوں کے لیے بھی مختلف ہجے استعمال کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اُکی آواز u سے بھی لکھی جاتی ہے اور oo سے بھی۔ اسی طرح اُو کی آواز u-e سے بھی لکھی جاتی ہے اور oo سے بھی۔ ou بعض الفاظ میں آؤ کی آواز دیتے ہیں، مثلاً house۔ کتاب میں دیے گئے الفاظ کے ذریعے ایسے الفاظ پڑھنے اور لکھنے کی مشق کروائیں۔ کچھ الفاظ جن کی آوازیں شروع میں ملتی ہیں مثلاً gate, game ہیں۔ اسی طرح چند الفاظ ایسے ہیں جن کی آوازیں حروف کے آخر میں ملتی ہیں مثلاً spoon, moon وغیرہ۔ ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (47-48) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- ٹیچر ایسے الفاظ کی پہچان بار بار دہرائی اور املا کے طریقے سے کروائیں۔ ٹیچر طلبہ کو سپیلنگ یاد کرنے کی مشق اِملا کے ساتھ ساتھ لفظ کے letters کی ترتیب کو آگے پیچھے کر کے ذہن نشین کرواسکتے ہیں۔ اسی طرح مختلف letters دے کر خود سے الفاظ بنانے کی مشق بھی کروائیں۔
- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔

# GLOSSARY

| Words | Meaning | Words | Meaning |
|---|---|---|---|
| Beads | تسبیح یا ہار کے دانے | Objective | مقاصد |
| Cable | تار | Sounds | آوازیں |
| Cage | پنجرہ | Pictures | تصاویر |
| Clay | گیلی مٹی جس سے برتن بنائے جاتے ہیں | Rope | رسہ |
| Complete | مکمل | Bike | سائیکل |
| Flute | بانسری | Crow | کوا |
| Geese | ہنس | Jar | مرتبان |
| Hive | شہد کی مکھی کا چھتہ | Bone | ہڈی |
| Mound | ٹیلا، چھوٹی پہاڑ | Race | دوڑ |
| Mule | خچر | Cry | رونا، چلانا |
| Mute | خاموش، بے آواز | Hot | گرم |
| Pattern | نقش، شکل، ترتیب، طریقہ | Frog | مینڈک |
| Pouch | تھیلی | Glossary | فرہنگ |
| Introduction | تعارف | | |

UNIT 2

# LETTER OF ALPHABETS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen

# CONTENTS

INTRODUCTION

OBJECTIVES

2.1 LETTERS OF ALPHABET

Activity- 1

2.2 GLOSSARY


## INTRODUCTION

In this unit all letters of English alphabet are given for writing practice.Learners will follow the pattern under the guidance of teacher.

## OBJECTIVES

**After completing this unit learners will be able to**;

- learn all English alphabets
- write letters of alphabet on the given pattern.
- pronounce each letter while writing.



UNIT 2

LETTER OF ALPHABETS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen
Abida Rizwan

55

# Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

E1Ab101: Hold, open, and turn pages of a book correctly.

E2Ab101: Hold a pencil correctly.

E1Ab102: Understand that text in English runs from left to right, top to bottom.

E1Ab103: Recognize shape of letters (similar and different) in print, color, and in tangible forms.

E1Ab104: Identify and match capital and small letters.

E2Ab105: Trace and copy capital and small letters of regular shape and size using four line techniques.

E2Ab111: Arrange a list of words in alphabetical order .

**طلبہ کی درسی کتاب:** (صفحہ نمبر 66-55)

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک / مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، فلیش کارڈز

## پڑھانے کا طریقہ:

- جب تک طلبہ کتاب کو کھولنے کے مکمل آداب سیکھ نہ جائیں انھیں کتاب کے صفحے درست طریقے سے کھولنے اور پلٹنے کے آداب سکھائیں۔ ٹیچر طلبہ کو چار لائنوں کے تصور سے متعارف کروائیں اور بتائیں کہ کس طرح انگریزی کے حروف کو ان چار لائنوں پر لکھیں گے۔ ٹیچر طلبہ کو انگریزی کے حروف لکھنے کے بارے میں بتائیں کہ حروف دو طرح سے لکھے جاتے ہیں بڑے اور چھوٹے انداز سے جیسا کہ انکی کتاب میں بتایا گیا ہے۔
- لکھتے وقت طلبہ کو بتائیں کہ انگریزی کو لکھتے وقت ہمیشہ بائیں سے دائیں جانب لکھا جاتا ہے یعنی کہ left to right کی طرف لکھتے ہیں۔ ٹیچر بورڈ اور کاپی پر لکھتے وقت طلبہ کو واضح ہدایت دیں کہ انگلش لکھتے وقت ہمیشہ صفحے کے بائیں سے دائیں جانب شروع کرتے ہیں۔ یہاں پر طلبہ کو صفحے پر مشق کروائیں۔
- سبق کا بنیادی مقصد طلبہ کو بڑی A,B,C اور چھوٹی a,b,c سکھانا ہے۔ لہذا طلبہ کو چار لائنوں پر لکھنے کے طریقے کی مشق کروائیں۔ یہ مشق بورڈ اور کاپیوں پر بھی کروائیں تاکہ طلبہ کو لکھنے میں آسانی ہو۔ طلبہ کو سکھاتے وقت نہایت واضح اور درست طریقے سے حروف کی اشکال کو لکھنے کے بارے میں وضاحت دیں۔
- ٹیچر طلبہ کو بتائیں کہ انگریزی میں بڑے اور چھوٹے حروف لکھنے کی مختلف وجوہات ہوتی ہیں۔ جب لفظ لکھے جاتے ہیں تو اُن کا پہلا حرف بڑا اور باقی چھوٹے ہوتے ہیں۔ جب ہم حروف کو بڑا لکھتے ہیں تو یہ بڑے حروف capital letters کہلاتے ہیں مگر جب ہم انھیں چھوٹا لکھتے ہیں تو یہ چھوٹے حروف small letters کہلاتے ہیں۔

- ٹیچر مختلف حروف کو بولیں اور طلبہ سے کہیں کہ بولے جانے والی آوازوں کو چھوٹے اور بڑے دونوں انداز سے لکھیں۔ ٹیچر یہ کام اِملا dictation کے طریقے سے بھی سکھا سکتے ہیں۔
- حروف کو alphabetical order میں ترتیب دینا سکھائیں۔
- ان الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔

UNIT 3

# VOWELS, CONSONANTS AND DIGRAPHS


Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen

# CONTENTS


INTRODUCTION

OBJECTIVES

3.1 Vowels ( a, e, i ,o, u )

Activity- 1

3.2 CONSONANTS

Activity- 2

Activity- 3

Activity- 4

3.3 DIGRAPHS

Activity- 5

Activity- 6

Activity - 7

Activity- 8

3.4 GLOSSARY

## INTRODUCTION

This unit is about vowels, consonants and digraphs sounds. Vowels (a,e,i,o,u) are vocal sounds pronounced with mouth open. Consonants are sounds blocked by tongue, teeth or lips. Digraphs is one sound of two letters. Different activities are given to clear the concept.


## OBJECTIVES

**After completing this unit learners will be able to;**

- learn new vocabulary
- differentiate between vowels.
- consonant and digraph sounds
- solve activities by choosing vowels and consonants
- complete the words having digraph
- arrange te letters to make words.

**UNIT- 3**

## Vowels, Consonants and Diagraphs


UNIT 3

VOWELS, CONSONANTS AND DIGRAPHS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen
Abida Rizwan

67

# Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

E1Ab106: Identify and differentiate between the consonant and vowel sounds of individual letters in a word.

E3Ab107: Recognize and use naming words with correct spelling from immediate surrounding (classroom and home) and from the subject texts.

E1Ab110: Read aloud words with reasonable level of accuracy in pronunciation.

E1Ab107: Identify words containing digraphs.

E2Ab113: Identify, recognize and articulate sight words.

E3 Ab112: Spell simple one/two syllable words correctly. Provide missing letter exercises in simple one/two syllable words.

طلبہ کی درسی کتاب (صفحہ نمبر 86-67)

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک / مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ کے فلیش کارڈز

## پڑھانے کا طریقہ:

- ٹیچر طلبہ کو Consonants اور Vowels کا آغاز پہلے ہی سب کر وا چکے ہیں مگر اس سبق میں طلبہ کو ان کے تصورات سمجھانے کی ضرورت ہے۔ اس فرق کو آوازوں کے ذریعے ہم پہلے سے بتا چکے ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے ٹیچر طلبہ کو بتائیں کہ Vowels کی آوازیں نکالنے کے لئے پورے منہ کو کھول کر آوازیں ادا کی جاتی ہیں۔ واولز کی تعداد 5 ہے
- Consonants کی آوازوں کی ادائیگی کے لئے زبان، ہونٹ اور دانتوں کی رکاوٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ صرف H ایک ایسا Consonant ہے جس کی ادائیگی کے لئے منہ کھول کر آواز نکالنی پڑتی ہے۔ Consonants کی تعداد 21 ہے۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (70-74) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- ان الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔

آپ جانتے ہیں کہ انگریزی زبان میں پانچ VOWEL LETTERS ہیں اور انہی حروف کی مدد سے CONSONANT LETTERS آپس میں بنتے ہیں۔ A, E, I, O, U کے بغیر بہت سے الفاظ نہیں بنائے جا سکتے۔ مثال کے طور پر، لفظ bat میں b اور t کو آپس میں a ملاتا ہے۔

**Notes for Teachers :**

**Vowels** are voiced sounds made with the mouth open. (a,e,i,o,u)

**Consonants** are sounds blocked by the tongue, teeth or lips. They can be voiced or voiceless. There is one consonant made with the mouth open, and no blockage, but it is unvoiced: the H.

B C D F G H J K L M N P Q R S T V W X Y Z
b c d f g h j k l m n p q r s t v w x y z

- ٹیچر طلبہ کو الفاظ کی چھوٹی اور لمبی vowel sounds کے بارے میں بتائیں۔ ان کی پہچان کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ایک ایک کر کے چھوٹی اور لمبی آوازوں کے درمیان فرق کی دہرائی کی جائے۔
- Compare Sounds کی اس ورک شیٹ میں طلبہ کے لئے ایک ہی جیسے لفظ کی دو مختلف آوازوں کے بارے میں بتایا اور لفظی مطلب کا بدل جانا بتانا ضروری ہے۔ طلبہ کی کتاب کھلوا کر ٹیچر اس ورک شیٹ کی دہرائی کروائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو فرق بتاتے ہوئے کہیں کہ کیسے واولز سے شروع، درمیان اور آخر میں لگنے سے الفاظ کے معنی بدل جاتے ہیں۔ مثلاً **cut کٹ** بولا جاتا ہے جب کے **cute کیوٹ** میں e کے لگنے سے اس لفظ کی آواز بدل گئی ہے۔
- اس ورک شیٹ کے علاوہ بھی طلبہ کو اس ورک شیٹ سے ملتے جلتے الفاظ کی مشق کروائیں تاکہ طلبہ کو لمبی اور چھوٹی آوازوں کے فرق کو سمجھ سکیں۔ ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر(      ) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔

## پڑھانے کا طریقہ:

- حروف، ان کی آوازیں اور ان کے لکھنے کا عمل پہلے سبق کے آغاز سے کیا جا چکا ہے لہٰذا طلبہ کو پچھلے تمام اسباق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے طلبہ کو پہلے سے سکھائے جانے والے سبق کا جائزہ لینا ایک ضروری عمل ہے جو کہ پڑھانے کے عمل کے لئے نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔
- ٹیچر طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم کچھ ایسی آوازوں کے بارے میں سیکھیں گے جس میں دو letters ایک آواز دیتے ہیں۔ یہاں ٹیچر طلبہ کو digraphs کا تصور دیں گے۔
- ٹیچر طلبہ کو تصاویر دکھا کر اور ارد گرد ماحول میں موجود اشیا سے digraphs کی وضاحت دیں۔ جیسا کہ انگریزی زبان میں کئی الفاظ ایسے ہیں جن میں ایک آواز ادا کرنے کے لیے دو حرف لکھے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر، لفظ Fish میں s اور h مل کر Sh ش کی آواز دیتے ہیں اور لفظ Photo میں p اور h مل کر Ph ف کی آواز دیتے ہیں۔ ایسے الفاظ کی زیادہ سے زیادہ مشق کروائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر(75-85) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔

# GLOSSARY

| Words | Meaning |
|---|---|
| Consonants | حروفِ صحیح |
| Vowels | حروفِ علت |
| Cage | پنجرہ |
| Fate | تقدیر |
| Bit | تھوڑا |
| Bite | کاٹنا |
| Digraph | ایسا لفظ جو دو آوازوں سے مل کر بنتے ہیں |
| That | وہ (واحد) |
| Those | وہ (جمع) |
| This | یہ (واحد) |
| These | یہ (جمع) |
| Wheat | گندم |
| Shirt | قمیص |
| Lunch | دوپہر کا کھانا |

UNIT -4

# ENGLISH WORDS USED IN DAILY CONVERSATION

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen

# CONTENTS

INTRODUCTION

OBJECTIVES

4.1 WORDS USED IN DAILY CONVERSATION

4.2 SIGHT WORDS

Activity- 1

4.3 COUNTING ( ONE TO TEN)

Activity- 2

4.4 POEM

Activity- 3

Activity- 4

4.5 GLOSSARY

# INTRODUCTION

This unit consists of words being used in our daily conversation in urdu. It also has counting (one to ten). A poem of numbers. Different activities have been included to make the unit interesting.

# OBJECTIVES

**After completing this unit learners will be able to**;


- speak new words

-learn sight words which do not follow the phonic rules.

- recite poem.

UNIT- 4

**English Words Used in Daily Conversation**




## Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

E3Ab111: Recognize English words used commonly in Urdu/Local language from immediate environment.

E3Ab108 : Match spoken words with the written words.

**طلبہ کی درسی کتاب**(صفحہ نمبر 97-87)

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک / مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ کے فلیش کارڈز

## پڑھانے کا طریقہ:

- ٹیچر انگریزی زبان کا سبق پڑھاتے وقت روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے الفاظ کا استعمال ضرور کریں تاکہ طلبہ سیکھے جانے والی معلومات کو اپنی روزمرہ زندگی کے ساتھ جوڑ سکیں۔ ٹیچر طلبہ کو ایسے مواقع دیں کہ وہ انگریزی کے الفاظ کا استعمال روز مرہ کی بات چیت میں بھی کریں۔ چند الفاظ جیسے glass, black board, book, shoes, cycle, pencil, chart, cards, وغیرہ طلبہ کو ضرور سکھائیں تاکہ طلبہ کو یہ الفاظ بولنے، لکھنے اور پڑھنے میں آسانی ہو۔
- ٹیچر خود سے چند ایسے نئے الفاظ طلبہ کو سکھائیں جو کہ انکے سیکھنے کے عمل میں مددگار ثابت ہو۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (90 )الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔
- انگریزی زبان میں کچھ الفاظ ایسے ہیں جو کہ آوازوں کے قاعدوں کے مطابق نہیں بولے جاتے۔ بچوں کو پریشانی سے بچانے کے لیے انہیں یہ الفاظ الگ سے درست تلفظ کے ساتھ پڑھانے کی ضرورت ہے۔
- Sight Words ایسے الفاظ ہوتے ہیں جن کی آوازیں انگریزی زبان کی آوازوں کے اصول کے مطابق نہیں بولی جاتی ہیں۔ لہٰذا انھیں Sight Words کا استعمال اور انکی آوازوں کی مشق کروانا طلبہ کے لئے نہایت ضروری ہے۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر ( 91 ) پر الفاظ کی پڑھائی کروائیں اور طلبہ کو بتائیں کہ بولے جانے والے الفاظ اور لکھے جانے والے الفاظ میں کیا فرق ہے۔ ان کی پہچان کیسے کی جاسکتی ہے۔ پچھلے اسباق کا حوالہ دیتے ہوئے طلبہ کو بتائیں کہ ہر حرف کی ایک مخصوص آواز ہوتی ہے۔ ان آوازوں اور اُن کی اشکال کو سمجھانے اور ذہن نشین کروانے کے بعد اس مشق کو آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔
- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ کار کتاب کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔

# GLOSSARY

| Words | Meaning | Words | Meaning |
|---|---|---|---|
| Consists | مشتمل | Lay | انڈہ دینا |
| Conversation | گفتگو | Straight | سیدھا |
| Counting | گنتی / گنتی کرنا | Rhyming words | ہم آواز الفاظ |
| Different | مختلف | Example | مثال |
| Interesting | دلچسپ | Action | عمل |
| Completing | مکمل کرنا | | |
| Speak | بولنا | | |
| Recite | ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا / تلاوت | | |
| Walk | چلنا | | |
| Where | کہاں | | |
| What | کیا | | |
| Very | بہت | | |
| Their | ان کا / کی / کے | | |
| Buckle | تسمہ | | |
| Shut | بند کرنا | | |
| Pick | پکڑنا / اٹھانا | | |

UNIT -5

# ACTION WORDS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen

## CONTENTS

INTRODUCTION

OBJECTIVES

5.1 THIS

Activity- 1

5.2 THAT

Activity- 2

5.3 THESE

Activity- 3

5.4 THOSE

Activity- 4

5.5 NOUN

Activity- 5

Activity- 6

5.6 ACTION WORDS

5.7 SUBJECT AMD VERB

Activity- 7

5.8 GLOSSARY

## INTRODUCTION

This unit is about the use of this ,these, that and those in sentences: 'This' point towards thing that is near by .'That' points to the thing that is far. Concept of noun is made clear in activites.It also explain subject and verb.

## OBJECTIVES

**After completing this unit learners will be able to**;

- know the concept of ' this' and 'that'


- use 'these' and 'those' in different sentences

- learn new words

- learn about 'subject' and 'verb'

**UNIT-5**

## This and These, That and Those


UNIT -5

ACTION WORDS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen
Abida Rizwan

# Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

E3Ab115: Use demonstrative pronouns to point something e.g. “this”, “that”, “these” and “those”.

E1Ab105: Know that letters combine to make words and words combine to make sentences.

E1Ab112: Read simple sentences with understanding.

E1Ab113: Point out specific information via calendar or pictures.

E2Ab110: Copy and write simple sentences and phrases.

E3Ab101: Recognize and use punctuations such as full stop (.), question mark (?) and capitalization to read and write simple sentences.

E3Ab107: Recognize and use naming words with correct spelling from immediate surrounding.

E2Ab111: Make simple sentences by using “is” and “are”.

E3Ab104: Classify nouns as comma and proper names of people, pets, places mountains, lake and rivers.

E2Ab107: Write numbers from one to ten in English.

E2Ab116: Copy rhyming words from a poem.

E2Ab114 : Recite poems with actions.

E3Ab105: Recognize and apply capitalizing to initial letters of proper nouns, days of a week and month of a year.

E3Ab117: Use simple describing words.

E2Ab108: Write ordinal numbers “first to tenth” in English.

E1Ab106: Identify and differentiate between the sounds consonant & vowel of individual letters in a word.

E2Ab106: Copy and write simple one syllable words with correct spellings

E1Ab107: Identify words containing diagraphs.

E1Ab108: Read common action words.

E2Ab111 : Make simple sentence by using SV (Subject+Verb) structure.

E1Ab109: Read common naming and action words.

E1Ab115: Brain storm to gather ideas for various tasks & activities.

E1Ab116: Use textual aids such as table of contents to locate particular texts.

طلبہ کی درسی کتاب(صفحہ نمبر 120-98 )

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک / مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ کے فلیش کارڈز

- **پڑھانے کا طریقہ:**

- ٹیچر انگریزی زبان میں noun کے بارے میں طلبہ کو شروع سے سکھا رہے ہیں ۔ ان اسباق میں طلبہ کو demonstrative pronouns کے بارے میں سکھایا جائے گا۔ demonstrative pronouns ایسے الفاظ ہوتے ہیں جو کہ noun کی جگہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ قریب اور دور کی چیزوں کی طرف اشارہ ظاہر کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر this, that, these and those وغیرہ۔

- This قریب کی ایک چیز اور These قریب کی ایک سے زیادہ چیزوں کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ انگریزی زبان میں ایک چیز کے بارے میں بتاتے ہوئے اس چیز سے پہلے a لگا دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر This is a pen میں pen سے پہلے a لکھا جاتا ہے۔ جملہ لکھنے کے بعد فُل سٹاپ(.) لگایا جاتا ہے۔ That دُور کی ایک چیز اور Those دُور کی ایک سے زیادہ چیزوں کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

- ٹیچر طلبہ کو چھوٹے چھوٹے الفاظ سے نئے الفاظ اور جملے سکھانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں اسی طرح جب طلبہ کے پاس الفاظ کا ذخیرہ ہو جائے تو ٹیچر طلبہ سے جملے بنوائیں۔ ٹیچر بتائیں کہ ہم دو طرح کے جملے بولتے ہیں۔ جملوں کی ایک قسم وہ ہے جس میں ہم چیزوں کے ہونے کے بارے میں بتاتے ہیں۔ مثال کے طور پر جب ہم کہتے ہیں۔ یہ ایک گیند ہے تو ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ یہ ایک چیز ہے جسے گیند کہتے ہیں۔ اگر کسی چیز کے بارے میں کوئی سوال پوچھے کہ یہ کیا ہے(?) تو ہم جواب میں کہتے ہیں کہ یہ فلاں چیز ہے۔ ایسے جملوں میں is اور are کا استعمال کیا جاتا ہے۔ is اور are چیزوں کے ہونے کا پتہ دیتے ہیں۔ is کا استعمال ایک چیز کے لیے اور are کا استعمال ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

- ٹیچر طلبہ سے چھوٹے چھوٹے جملے بنوائیں مثلاً-This is my bookوغیرہ۔ یہاں ٹیچر طلبہ کو جملے کے ڈھانچے کے بارے میں نہیں سکھائیں بلکہ سادہ جملوں سے متعارف کروائیں تاکہ طلبہ روز مرہ زندگی میں ان جملوں کا استعمال کر سکیں۔
- ٹیچر جہاں طلبہ کو جملے پڑھنا اور اس کا مطلب سمجھائیں اسی دوران رموزِ اوقاف punctuations کی علامتوں کے بارے میں بھی ضرور سکھائیں۔ ان علامتوں میں شامل (,)Question mark(?), comma

(.) full stop حروف کو چھوٹا اور بڑا لکھنے کے بارے میں سکھانا ہے۔

- ٹیچر طلبہ کو بتائیں کہ فل سٹاپ کا مطلب جملہ ختم ہوا، کامہ کا مطلب جملہ روکنے کے بعد پھر سے جاری ہوگا، سوالیہ نشان کا مطلب جملے میں کچھ پوچھا جا رہا ہے۔ ٹیچر ان تمام علامتوں کی مشق طلبہ سے زبانی، لکھ اور پڑھ کر کروائیں۔ ٹیچر ان علامتوں کو چارٹ پر بنا کر دیوار پر آویزاں کریں تاکہ طلبہ دہرائی کے دوران اِن علامتوں کا استعمال بھی کر سکیں۔
- ٹیچر noun کی تعریف کو تختہ تحریر پر لکھیں اور اِن (چاروں حصّوں کی تصاویر اور ان کے نام) مخصوص کالم پر چسپاں کریں۔ اور کمرہ جماعت میں موجود noun کی نشاندہی کریں۔ پھر بعد میں اِسی سرگرمی کو طلبہ ء کو جوڑوں میں کروا دیجئے۔ اِس سے پہلے دو یا تین جوڑوں سے رول پلے(Role-Play) کے ذریعے کروائیں۔ پھر طلبہ ء سے جوڑوں کی صورت میں سرگرمی کروائیں۔
- طلبہ سے مزید ایک ایسی ہی ٹیبل کے ذریعے (اسم سے متعلق) اور معلومات لکھ کر لائیں۔ اسی طرح طلبہ سے کہیں کہ وہ گھر سے کوئی سے پانچ noun کی تصاویر بنا کر لائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (110-109) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

- طلبہ کے لئے گنتی کے تصور کو ریاضی میں بتایا جا رہا ہے لہٰذا انگریزی میں بھی گنتی کو سکھانا نہایت ضروری ہے۔
- ٹیچر طلبہ کو بورڈ پر پہلے ہندسی اعداد میں گنتی لکھ کر اخذ کریں کہ کیا انھیں ان کی پہچان ہے؟ اس کے بعد طلبہ کو تصاویر بنا کر گنتی کا پوچھیں۔ تصاویر میں کوئی بھی ایسی چیز بنائی جا سکتی ہے جو کہ ٹیچر کے لئے بورڈ پر بنانا آسان ہو۔ ٹیچر اخبار، میگزین اور کتابوں پر بنی تصویریں بھی استعمال کر سکتا ہے۔

- ٹیچر درسی کتاب میں دی گئی تصویر کے مطابق چارٹ بنائیں جیسے ہی ٹیچر انگریزی زبان میں گنتی لکھیں تو پہلے لکھے جانے والے گنتی کی آوازیں طلبہ سے پوچھیں جیسا کہ O-N-E اور بتائیں کہ ہم 1 کو انگریزی زبان میں وَن بولتے ہیں۔ ٹیچر طلبہ کو گنتی کی دہرائی اور اسکی پہچان کے لئے مختلف مثالوں اور سرگرمیوں کا استعمال کریں۔

- ٹیچر طلبہ Ordinal numbers کا تصور پوزیشن کی مدد سے سمجھائیں۔

- طلبہ سے کہیں کہ وہ گنتی کو اعداد اور انگریزی میں لکھنے کے ساتھ ساتھ تصاویر بنا کر دکھائیں۔ یہ عمل بورڈ پر بھی کروایا جاسکتا ہے۔

- اس سبق کو پڑھانے کا طریقہ کار ٹیچر گائیڈ کے شروع میں دیا گیا ہے ٹیچر اس سبق کو دی گئی ہدایات کے مطابق پڑھائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (105-108) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو نظم پڑھ کر سنائیں پھر تمام طلبہ کو اپنے ساتھ پڑھنے کو کہیں جب بچے اچھی طرح نظم کو actions کے ساتھ پڑھ لیں۔ تو ٹیچر ایک ایک طالبعلم کو سامنے بلا کر نظم actions کے ساتھ پڑھنے کو کہیں یہاں تک کہ ہر بچے کو نظم زبانی یاد بھی ہو اور actions کے ساتھ بھی پڑھ سکیں۔

- ٹیچر طلبہ کو Rhyming words کا تصور سمجھائیں کہ ایسے الفاظ جن کا تلفظ یا ادائیگی ایک جیسی ہو انھیں Rhyming words کہتے ہیں۔ مثلاً

Two-Shoe

Four-Door

- ٹیچر طلبہ کو calendar کا استعمال Days of the Month اور Months of the years سمجھا کر بتائیں۔

## پڑھانے کا طریقہ:

- انگریزی زبان میں الفاظ کی ایک قسم ایسی ہے جنہیں چیزوں کی موجودگی یا ان کے ہونے کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔ اس طرح الفاظ کے ذریعے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتا چلتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ یہ وہ الفاظ ہیں جو کوئی کام کرتے ہیں۔ اِسی لیے انہیں action words بھی کہا جاتا ہے۔ eat, drink, read, write ایسے الفاظ کی مثالیں ہیں۔ eat میں ہم کھانے کا کام کرتے ہیں اور drink میں پینے کا کام کرتے ہیں۔
- action words سکھانے کے لئے کمرہ جماعت کی موجود چیزوں کو استعمال میں لا کر طلبہ کو وضاحت دیں ۔ طلبہ کو تصاویر دکھا کر action words سکھائیں۔ ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (111-118) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو naming words اور action words کا تصور سمجھانے کے بعد جملہ کی بنیادی ساخت (structure) کے متعلق سمجھائیں۔ کہ جملے میں subject اور verb کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے۔ Subject جملے میں کام کرنے والے کو کہتے ہیں اور verb اُس کے کام کو کہتے ہیں۔ لہٰذا ان دونوں کو ملانے سے جملہ بنتا ہے۔ مثلاً

| Subject | Verb |
|---|---|
| Ahmed | plays. |
| Salma | walks. |

- SV(subject+verb) Structure سمجھانے اور سکھانے کے بعد طلبہء سے متعلقہ سرگرمی کروائی جائے۔
- اس سبق میں ایسے الفاظ دیئے گئے ہیں جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرتے ہیں۔ ایسے الفاظ انگلش میں (action words) کہلاتے ہیں۔ مثلاً لکھنا۔Write۔ پڑھنا۔Read وغیرہ۔

- ٹیچر action words کا تصور سمجھانے کے لئے پہلے خود عمل (act) کر کے بتائیں اور پھر طلبہ ء کو ایک ایک کر کے کوئی action word عملاً کر کے دکھانے کو کہیں تا کہ طلبہ ء کے ذہن میں action words کا تصور واضح ہو۔
- ٹیچر طلبہ ء کو naming words جو یونٹ نمبر 12 میں بتائیں گئے ہیں اُن کا تصور بھی سمجھائے کہ کسی چیز، شخص یا جگہ کے نام کو naming words کہتے ہیں اور اُن کے کام یا عمل کو action words کہتے ہیں۔
- مزید مشق کروانے کے لئے ٹیچر کلاس روم میں موجود چیزوں یا طلبہ کے نام پوچھیں اور اُن کا کام یا عمل action بھی پوچھیں تا کہ طلبہ ء موازنہ کر کے دونوں کا تصور سمجھ سکیں۔

# GLOSSARY

| Words | Meaning |
|---|---|
| watch | دیکھنا |
| spoon | چمچ |
| kite | پتنگ |
| Picture | تصویر |
| Respective | متعلقہ |
| Teach | پڑھانا |
| Draw | بنانا |
| Fall | گرنا |
| Jump | چھلانگ لگانا |
| Wash | دھونا |
| Subject | فاعل |
| Perform | انجام دینا |
| Structure | ڈھانچہ |

UNIT -6

# ASKING QUESTIONS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen

# CONTENTS

INTRODUCTION

OBJECTIVES

6.1 HOW DO WE ASK QUESTIONS ?

6.2 DESCRIBING WORDS (ADJECTIVES)

Activity- 1

Activity- 2

Activity- 3

Activity- 4

Activity- 5

6.3 WHO WE ARE?

Activity- 6

5.4 COUNTABLE AND UNCOUNTABLE NOUNS

Activity- 7

6.5 LIKES OR DISLIKES?

Activity- 8

Activity- 9

Activity- 10

Activity- 11

**6.8 MY STORY**

Activity- 12

**6.9 THE BIG TURNIP**

Activity- 13

**6.10 OUR FARM**

Activity- 14

Activity- 15

**6.11 GLOSSARY**

## INTRODUCTION

In this unit it is explained how do we ask questions and give thier answer. Adjective is described, also countable and uncountable nouns are explained. This unit also consists of who we are, our likes and dislikes. Different stories and activites are aslo included.


## OBJECTIVES

**After completing this unit learners will be able to;**

- describe words with relevant pictures
- question and answer
- express about family
- describing words (Adjective)
- tell about likes and dislikes
- write different stories
- know countable and uncountable nouns

UNIT- 6

## How Do We Ask Questions?


UNIT -6

ASKING QUESTIONS

Written by: Nasara Habib
Reviewed by: Dr. Zafar Iqbal
Rooh-ul-Ameen
Asifa Dilshad

121

# Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

E3Ab116: Use Wh- questioning words: what, who, which, where, when, why etc.

E1Ab105: Know that letters combine to make words and words combine to make sentences

E1Ab112: Read simple sentences with understanding.

E2Ab110: copy and write simple sentences and phrases.

E3Ab101: Recognize and use punctuations such as, full stop, question (?) and capitalization to read and write simple sentences.

E3Ab106: Use simple describing words (adjectives).

E3Ab102: Apply the rules for the use of "a" and "an'.

E3Ab113: Use pronouns as I, we, you, they, he, she and it.

E3Ab114: Use pronouns showing possession e.g. my, his, her, our, there and its.

E3Ab106: Identify and differentiate countable noun from un-countable.

E2Ab112: Use "has", "have" correctly to show possession.

E4Ab105: Express likes and dislikes.

E4Ab101: Recognize and use some simple formulaic expressions to offer & respond to basic routine greetings.

E4Ab102: Use & respond to simple requests, commands & questions.

E4Ab103: Express & offer a few basic social courtesies.

E4Ab104: Introduce themselves.

E1Ab202: Read story and respond to likes and dislikes about story.

E1Ab110: Read aloud words with reasonable level of accuracy in pronunciation.

E1Ab111: Arrange list of words in alphabetical

E4Ab107: Comprehension by listening to simple stories and poems read aloud in class

E1Ab114: Guess texts by looking at titles and pictures.

E2Ab109: Write a name & phone number.

E2Ab111: Make simple sentences by using "is", "an", "are".

E2Ab115: List items of a similar category from a given text.

E4Ab106: Express simple needs.

**طلبہ کی درسی کتاب**(صفحہ نمبر121-153)

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک / مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ کے فلیش کارڈز

## پڑھانے کا طریقہ:

- ٹیچر طلبہ کو بتائیں جیسے ہم نے سیکھا جب کوئی سوال یا کچھ پوچھا جائے تو سوالیہ کی علامت (؟) استعمال کی جاتی ہے۔ اسی طرح سوال پوچھنے کے لئے ایسے الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے جنھیں ہم سوالیہ الفاظ کہتے ہیں انگریزی میں سوال پوچھنے کے لیے مخصوص الفاظ ہوتے ہیں۔ جیسا کہ (what, who which, where, when, why) چونکہ ہمیں ان الفاظ کی بار بار ضرورت پڑتی ہے اس لیے بچوں کو یہ الفاظ سکھانا ضروری ہے۔ یہ الفاظ جملے / مکالمے کی صورت میں لکھے جاتے ہیں تاکہ بچے ان کا درست استعمال کر سکیں۔

What is this? یہ کیا ہے؟

ٹیچر یہاں بتائیں کہ ہم سوال پوچھنے کے لئے **What** کا استعمال کرتے ہیں جبکہ **is** کی جگہ are کا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جب سوال جملوں کی صورت میں پوچھا جائے گا تو اُس کا جواب بھی انگریزی زبان میں دینا ضروری ہے۔ جیسا کہ

1. What is this? This is a pan.
2. What are they doing? They are playing.

اسی طرح کچھ اور الفاظ **Who, which, where, when, why** کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے جس کا مطلب ٹیچر طلبہ کو ضرور بتائیں۔ اس لفظ کو بھی سوالیہ لفظ بولا جاتا ہے۔ اس کا استعمال بھی پہلے لفظ کی طرح کیا جاتا ہے۔

a student am I.

are boys they.

doll is this a.

children our are they.

حروف مل کر الفاظ بناتے ہیں۔ اور الفاظ مل کر جملے بناتے ہیں۔

Example:

a-m (am)

b-o-y (boy)

i-am-a-boy (I am a boy.)

To-y Toy

ON-E, THE-RE, GO-AT, PEN-CIL,TW-O

اسی طرح دیئے گئے الفاظ (Boys, Girls, Students, Board, Desk) کو سادہ جملوں میں لکھیں۔

Example: we are players.

- ٹیچر دیئے گئے جملوں کو درست علامت (.?) کی مدد سے لکھیں۔

Example: I am a Student.

1. She is a student.

2. Is this a garden?

- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (125-128) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو آپس میں انگریزی زبان ایک دوسرے سے سوال پوچھنے اور جواب کے لئے جوڑوں میں بٹھا کر مشق کروائیں۔ ٹیچر یہاں طلبہ کی نگرانی کریں کہ طلبہ آپس میں درست طریقے سے سوال و جواب کر رہے ہیں۔ طلبہ غلط بولنے کی صورت میں ٹیچر خود سے درست طریقے سے بولنے اور الفاظ کی ادائیگی بتائیں۔ ٹیچر طلبہ کو اس مشق کے بعد کم از کم دو عدد سوال لکھ کر جواب لکھنے کو کہیں۔
- ٹیچر کمرہ جماعت میں سوالیہ الفاظ اور ان سے بننے والے جملوں کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔ ٹیچر اس کام میں طلبہ کو بھی شامل کریں۔

## Who We Are?

### پڑھانے کا طریقہ:

- اس سبق میں pronoun کے بارے میں سکھایا جائے گا۔ noun کی جگہ pronouns استعمال ہوتے ہیں۔ ٹیچر نیچے دی گئی سرگرمیوں کے ذریعے ٹیچر طلبہ کو pronoun کے استعمال کے بارے میں سکھائیں۔ لہٰذا ٹیچر سرگرمی کروائیں۔ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

(my, his, our, their, its, they , their )

Example: This is my book.

- ٹیچر طلبہ کو جملوں کی ترتیب کے حوالے سے مشق کروائیں تاکہ طلبہ کو جملوں کو پڑھنا اور لکھنا آ سکے۔ اسی طرح یہ سرگرمی بھی کروائیں۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی ترتیب درست کر کے درست جملے بنائیں؟

**Example:** is a student he He is a student.

a she is madam.

3. We are students.

4. This is an apple.

5. Is that a cake?

6. This is a goat.

7. Is he a player?

8. This is a school.

- دیئے گئے سادہ جملوں کو سوالیہ جملے میں تبدیل کیجیے۔

Example: This is an apple    Is this an apple?

1. This is a book
2. This is a ball
3. This is a bag
4. This is a cat

- ٹیچر اِس سر گرمی کو تختہ تحریر یا چارٹ پر بنا کر پہلے خود پیش کریں اور کہیں کہ

Write "a" or "an" in the blank Places.

اُسکے بعد دو یا تین طلبہ سے اس سر گرمی کو کروائیں۔ اور آخر میں طلبہ ء کو جوڑوں میں کر کے اس سر گرمی کو حل کریں۔

- آخر میں طلبہ سے کہیں کہ اگلے دِن اپنے گھروں / والدین / ہمسایوں / دوستوں سے مزید a / an متعلق الفاظ اور اشکال وغیرہ کی ایک فہرست بنا کر لائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (132-131) پر دیئے گئے جملوں کی پڑھائی کروائیں۔

- ٹیچر طلبہ کو جوڑوں کی صورت میں بیٹھائیں اور مختصر جملے لکھنے کی مشق کروائیں۔ اس کے بعد ایک طالب علم دوسرے طالب علم کو جملوں کو چیک کرنے کیلئے کہیں ۔ اگر غلط جملے لکھے گئے ہیں تو وہ ایک دوسرے کے غلط جملوں کے درست کرنے میں رہنمائی کریں۔
- انگلش زبان میں ایسی چیزوں، جگہوں یا اشخاص کے نام جنھیں ہم گن سکتے ہیں انھیں countable nouns کہتے ہیں اور ایسی چیزوں، جگہوں یا اشخاص کے نام جنھیں ہم گن نہیں سکتے انھیں uncountable noun کہتے ہیں۔ ٹیچر اس سبق کو پڑھانے کے بعد طلبہ کے لیئے countable and uncountable noun کے تصور کو مختلف مثالیں روز مرہ کی زندگی سے دیتے ہوئے واضح کریں۔ مثال کے طور پر ایک گلاس میں پانی لے کر بچوں سے کہیں کہ پانی کو گنیں تو وہ نہیں گن سکیں گے ۔ انھیں بتایا جائے کہ پانی (water) uncountable noun ہے۔ اسی طرح کلاس روم میں موجود کرسیون کو گننے کا کہیں تو بچے انھیں آسانی سے گن سکیں گے۔ انھیں بتایا جائے کہ کرسیاں countable noun ہیں۔ پھر بچوں کو activity کروائیں۔ انھیں کہیں کہ list میں دی گئی مختلف چیزوں کے نام countable noun اور uncountable noun کے کالم میں لکھیں۔

## What do I Like and Dislike?

### پڑھانے کا طریقہ:

- طلبہ کے لئے اپنے تاثرات کا اظہار کرنا بہت ضروری ہے۔ انگریزی زبان میں پسند اور ناپسند کے اظہار کے بارے میں طلبہ کو بتائیں ۔ انگریزی زبان میں پسند کو like اور ناپسند کو dislike کہتے ہیں۔ یہاں ٹیچر پہلے سے سکھا ئے جانے والے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے ان دونوں like، dislike کا استعمال بتائیں۔ پہلے اس سرگرمی کو تمام طلبہ کے ساتھ مل کر

کریں۔ طلبہ سے پسند اور ناپسند کا اظہار جوڑوں کی شکل میں کروائیں۔

- طلبہ سے ان کی likeاور dislike کے جملے بورڈ پر لکھوائیں اس کے بعد تمام طلبہ کو گروپس میں بٹھا کر کہیں کہ وہ فلیش کارڈز کی مدد سے 2 جملے پسند اور 2 جملے ناپسندیدگی کے بارے میں بنائیں۔ ٹیچر طلبہ کو تصاویر کے ساتھ ان جملوں کو بنانے کا کہہ سکتے ہیں۔
- ٹیچر طلبہ کے مابین پسندیدہ اور ناپسندیدہ چیزوں کے بارے میں مکالمہ نویسی کروائیں۔
- طلبہ اپنی پسندیدہ چیز کے بارے میں تصاویر بنانے کے ساتھ 3 جملے بھی لکھ کر لائیں۔
- ٹیچر درسی کتاب صفحہ نمبر میں موجود مکالمہ کو رول پلے کی صورت میں کروائیں۔ ٹیچر چند طلبہ کو منتخب کر کے کتاب میں دیئے گئے مکالمے کو پیش کرنے کو کہیں۔ کتاب میں موجود 3 مکالمے دیئے گئے ہیں لہذا ٹیچر ان تمام مکالموں کو کروانے کے لئے مختلف طلبہ کا انتخاب کریں۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبہ ان سرگرمیوں سے سیکھ سکیں۔
- ٹیچر درسی کتاب میں دی گئی مکالموں سے متعلق مشقیں طلبہ کو ساتھ ساتھ کروائیں۔
- ٹیچر طلبہ سے اس سبق کا جائزہ لیں اور کاپیوں پر کم از کم دو جملے بنانے کو کہیں۔ ٹیچر یہ کام بورڈ پر بھی کرواسکتے ہیں تاکہ باقی طلبہ کی دہرائی ہو جائے۔

## My Story

### پڑھانے کا طریقہ:

- ٹیچر طلبہ کو کہانیوں کے طریقے سے پڑھانے کا عمل اپنائیں جو کہ نان فارمل کے طریقہ تدریس کا ایک اہم رکن ہے۔ لہذا طلبہ کو اپنی اپنی کہانی بنانے کا ہنر سکھانا بھی ٹیچر کی اہم ذمہ داری ہے۔ طلبہ خود کو متعارف کرتے ہیں جب بھی وہ کسی دوسرے سے ملتے ہیں تو چند جملوں میں اپنے آپ کو بیان کر سکیں۔ ٹیچر یہ کام آہستہ آہستہ پڑھانے کے عمل میں لائیں۔ جیسا کہ طلبہ کو نام انگریزی زبان میں ضرور سکھائیں۔ پھر اپنی پسند ناپسند کا اظہار بھی انگریزی میں کر سکیں۔

- تمام طلبہ کو بورڈ کی طرف متوجہ کریں اور انھیں کہیں کہ آج ہم ایک دوسرے کو انگریزی میں متعارف کروائیں گے۔ تو ہم آج سنیں گے My Story تو طلبہ سے پوچھیں کون چاہتا ہے کہ اُسکی story سنائی جائے۔ ٹیچر بورڈ یا چارٹ پر نیچے دیئے گئے جملے لکھیں۔
- ٹیچر یہ کہانی مکمل کرنے کے بعد تمام طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کہانی لکھیں۔ تمام طلبہ باری باری اپنی کہانی کاپی پر لکھیں گے۔

**My Story**

My name is _________.
I am_________years old.
I go to _______.
I am in class__________.
I like to_____________
I ______with my ________
I like  my ___________

- طلبہ سے ان کی پسند ناپسند کے جملے بورڈ پر لکھوائیں اس کے بعد تمام طلبہ کو گروپس میں بٹھا کر کہیں کہ وہ فلیش کارڈز کی مدد سے 2 جملے پسند اور 2 جملے ناپسندیدگی کے بارے میں بنائیں۔ ٹیچر طلبہ کو تصاویر کے ساتھ ان جملوں کو بنانے کا کہہ سکتے ہیں۔ اس دوران ٹیچر طلبہ کی رہنمائی کریں اور سپیلنگ لکھنے میں مدد دیں۔
- ٹیچر طلبہ کو کتاب کے آخر میں چار کہانیاں پڑھنے میں مدد دیں۔ کہانیوں میں کوشش کی گئی ہے کہ ایسے الفاظ اور جملے استعمال کیے جائیں جو کہ طلبہ پہلے سے سیکھ چکے ہیں یہ الفاظ اور جملے طلبہ کو پڑھنے کے عمل میں مددگار ثابت ہونگے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ بچے کہانیاں خود پڑھیں۔ جہاں کوئی لفظ نیا ہو تو ان کی مدد کریں۔ آوازوں کی مدد سے پڑھنے کی وجہ سے انہیں کوئی خاص مشکل پیش نہیں آئے گی۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (144-150) الفاظ کی پڑھائی کروائیں اور اس کی مشق طلبہ کو جوڑوں کی صورت میں کروائیں۔ طلبہ اپنے آپ کو انگریزی زبان میں خود سے متعارف کروائیں۔ ٹیچر چند طلبہ سے یہ مشق سب کے سامنے کروائیں۔

- ٹیچر طلبہ سے کہیں کہ My Story خوشخط لکھ کر لائیں۔ اگر ہو سکیں تو اپنی چھوٹی سی تصویر بھی بنائیں۔

# Glossary

| Words | Meaning | Words | Meaning |
|---|---|---|---|
| Answer | جواب | Farm | کھیت |
| Question | سوال | Meet | ملنا |
| Describe | بیان کرنا | Anything | کوئی چیز |
| Countable | گنتی کے قابل | Boil | ابالنا |
| Uncountable | جو گنا نہ جاسکے | Hungry | بھوکا |
| Order | حکم دینا/ترتیب | Again | دوبارہ |
| Pain | درد | Agree | متفق ہونا |
| Dialogue | مکالمہ | Scold | ڈانٹنا |
| Like | پسند کرنا | See | دیکھنا |
| Dislike | نہ پسند کرنا | | |
| Grow | نشو نما/بڑا ہونا | | |
| Turnip | شلجم | | |
| Whole | پورا | | |

# انگریزی مثالی سبق

## Model Lesson for English

**مضمون:** انگلش

**عنوان:** Look at the picture and say the sound

**تدریسی مقاصد:۔** طلباء اس قابل ہو جائیں کہ وہ

Hold, open and turn pages of the book correctly.

Hold a pencil correctly.

Understand that next in English runs from left to right, top to bottom.

**تدریسی معاونات:**

درسی کتاب، چارٹ، مارکر، چاک، تختہ تحریر وغیرہ

**آمادگی**

- ٹیچر طلباء سے بحث کرتے ہوئے پوچھے گا کہ نئے طلباء علم کتاب، پنسل اور پن وغیرہ کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔
- طلباء کو کتاب کھولنے کے آداب ضرور بتائے مثلاً کتاب کے صفحے کیسے پلٹنے چاہیئں، کتاب کو استعمال کے بعد سنبھال کر کیسے رکھنا ہے۔ ٹیچر طلباء کے سامنے چند صفحے کھول کر دکھائے تاکہ طلباء ٹیچر کے طریقے سے کتاب کو استعمال کر سکیں۔ پہلے کی طرح ٹیچر پنسل کو پکڑنا بتائے کہ پنسل کو پکڑنے کا درست طریقہ کیا ہے اور درست پکڑنے سے لکھائی کیسے بہتر ہو سکتی ہے۔

### تدریسی حکمتِ عملیاں Instructional Strategies

**1۔ سوالات وجوابات/بحث مباحثہ**

ٹیچر تمام طلباء کو کتاب کو کھولنے کے آداب پر بات کریں گے اور پوچھیں۔

۱۔ آپ نے کبھی کوئی پھٹی کتاب دیکھی ہے؟

۲۔ ایسی کتاب دیکھ کے کیسا محسوس ہوتا ہے؟

۳۔ نئی اور پرانی کتاب میں کیا فرق ہوتا ہے؟

۴۔ کتاب کی حفاظت کیسے کی جاسکتی ہے؟

ٹیچر خود سے بھی بتائیں کہ کیک ہم سالگرہ، عید، شادی یا خوشی کے مواقع پر زیادہ تر کھاتے ہیں۔ اسی طرح گیٹ ہمارے گھروں کی حفاظت کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

ٹیچر طلباء سے پوچھیں کہ وہ انگریزی کی درسی کتاب کھول کر صفحہ نمبر 1 یونٹ نمبر 1 پر آ جائیں۔ پھر ٹیچر طلباء سے کتاب کو پکڑنے اور کھولنے صفحے پلٹنے کے صحیح طریقہ ء کار کے بارے میں بحث کریں اسی طرح ٹیچر پنسل پکڑنے کے طریقہ ء کار بھی مظاہرہ کریں۔ ٹیچر انگریزی کے کچھ سادہ جملے تختہ سیاہ پر لکھے اور بتائے کہ انگریزی اُلٹے ہاتھ سے سیدھے ہاتھ کی طرف اور اوپر سے نیچے کی طرف لکھی جاتی ہے۔

## 2۔ عملی مشق کی سرگرمی

طلباء کو تین گروپس میں تقسیم کردیں مثلاً گروپ A,B,C اور درج ذیل ٹاسک دیں۔

### ا۔ گروپ A کی سرگرمی

گروپ A کے طلباء سے کہیں کہ وہ کتاب کو پکڑنے، کھولنے اور صفحہ پلٹنے پر بحث کریں اور سب کے سامنے آ کر پیش کریں اور بتائیں کہ ایک نیا طالب علم کو کیسے سمجھائیں گے اور اس کا استعمال بتائیں گے تاکہ نئے بچے کتاب کے درست استعمال کرنے کے عادی ہو سکیں۔

### ۲۔ گروپ B کی سرگرمی

گروپ B کے طلباء سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے صفحہ نمبر 3،4،5 میں درج سرگرمیوں کو حل کریں اور پھر ان سے کہیں کہ سب کے سامنے آکر اپنی معلومات پیش کریں۔

### ۳۔ گروپ C کی سرگرمی

اس گروپ کے طلباء سے کہیں کہ وہ کچھ سادہ انگریزی جملے چارٹ پر لکھیں اور اپنے موضوع کے بارے میں طلباء کے سامنے آکر پیشکش کریں کہ انگریزی زبان کس طریقے سے لکھی اور پڑھی جاتی ہے۔

ٹیچر مختصراً طور پر پڑھائے جانے والے سبق کی تمام سرگرمیوں کو بیان کریں۔

## جائزہ

ٹیچر کروائی گئی سرگرمیوں کے بارے میں کچھ سوالات کرے جیسا کہ؛

i. نیا طالبعلم کتاب کو کیسے سنبھالتا ہے؟

ii. پنسل کو صحیح طور پر لکھنے کے لئے کیسے پکڑا جاسکتا ہے؟

iii. انگریزی کے متن کو کس سمت سے لکھا جاتا ہے؟

## تفویض کاری

ٹیچر طلباء سے کہ آج کے موضوع کے لحاظ سے کچھ اہم باتیں گھر میں جاکر سرگرمیاں تیار کرکے اگلے دن جمع کروائیں۔

# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد بَاد
کِشورِ حسین شاد بَاد
تُو نِشانِ عزّمِ عالی شان
اَرضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد بَاد

پاک سَر زمین کا نِظام
قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت
پائندہ تابندہ باد
شاد بَاد منزلِ مراد

پَرچَم ستارہ و ہلال
رَہبرِ تَرقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال
جانِ اِستقبال
سَایہ خُدائے ذُوالجلال